لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

روزنامہ برائٹ سٹار

گروپ چیئرمین نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر ڈاکٹر آصف سیٹھی

سنیئر ایڈیٹر محمد یونس مغل

گوجرانوالہ | پاکستان

ایگزیکٹو ایڈیٹر مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 12 | ہفتہ 21 مئی 2022ء، 19 شوال المکرم 1443ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ: 264

وفاقی محتسب کی ہدایت پر بیوہ کو پاکستان پوسٹ کی لاکھوں روپے کی ادائیگی

شاہدہ پروین نے درخواست دائر کی دوسال سے پاکستان پوسٹ آفس اس کے خاوند کے اکاؤنٹ میں بڑی رقم ادا کرنے میں تاخیر کررہا ہے

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کی ہدایت پر بیوہ کو پاکستان پوسٹ نے لاکھوں روپے کی ادائیگی کردی۔ مسمات شاہدہ پروین بیوہ محمد فاروق جو کہ سیالکوٹ کی رہائشی ہے نے پاکستان پوسٹ آفس کو درخواست دی کہ اسکے خاوند نے ایس ایس اے اکاؤنٹ کھلوایا تھا جس کا نمبر ایس ایس اے۔7310 ہے۔ اس کے خاوند کا انتقال 19 ستمبر 2019 کو ہوا اور اس نے دوسال پہلے سارا ریکارڈ جمع کر وا کر پاکستان پوسٹ آفس سے درخواست کی کہ اس کے خاوند کے اکاؤنٹ میں پڑی رقم کی ادائیگی کی جائے لیکن پاکستان پوسٹ آفس نے بروقت ادائیگی نہ کی۔ جس کے بعد شاہدہ پروین نے وفاقی محتسب کو درخواست دائر کی کہ گزشتہ دوسال سے پاکستان پوسٹ آفس اس کے خاوند کے اکاؤنٹ میں پڑی رقم ادا کرنے میں تاخیر کر رہا ہے۔ عزت مآب وفاقی محتسب نے اس کا نوٹس لیتے ہوئے حکم دیا کہ اس کی رقم کی ادائیگی فوراً کی جائے۔ اس حکم پر عمل درآمد کرتے ہوئے پاکستان پوسٹ آفس نے اس کو تیس لاکھ چورانوے ہزار روپے کی ادائیگی کی جس پر شاہدہ پروین نے کہا کہ وفاقی محتسب کی مداخلت سے اس کا مسئلہ حل ہوا اور اس نے عزت مآب اعجاز احمد قریشی وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔